# ESKPIX-XXVI (I)
# SSC-(P-I)

## اُردو (نہم)

کُل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ — **سیکشن (ب)** — نمبرات: 36

**سوال 2۔ (الف) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے آٹھ (8) کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔** (8X2=16)

آپ ﷺ کی ایک نواسی حالتِ نزع میں تھیں، صاحبزادی نے بُلا بھیجا۔ آپ ﷺ تشریف لے گئے، تو لڑکی اسی حالت میں آغوش مبارک میں رکھ دی تو آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ حضرت سعد نے کہا: "یا رسول ﷺ! آپ ﷺ یہ کیا کر رہے ہیں؟" آپ ﷺ نے فرمایا: "یہ رحم ہے جس کو خدا نے اپنے بندوں کے دلوں میں ڈال دیا ہے۔" حضرت ابراہیم کی وفات پر بھی آپ ﷺ نے آبدیدہ ہو کر فرمایا تھا: "آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں، دل غم زدہ ہو رہا ہے، لیکن منہ سے ہم وہی باتیں کہیں گے جن کو خدا پسند کرتا ہے۔"

**سوالات:**

1. کون حالتِ نزع میں تھی؟
2. کس نے کس کو بُلا بھیجا؟
3. کس کو آغوش مبارک میں رکھا؟
4. اس وقت آپ ﷺ کی حالت کیا تھی؟
5. حضرت سعد نے کیا کہا؟
6. آپ ﷺ نے جواب میں کیا کہا؟
7. کس کی وفات پر آپ ﷺ آبدیدہ ہوئے تھے؟
8. اس موقع پر آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟
9. عبارت کا موزوں عنوان تجویز کریں۔

(ب)
1. نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال لکھیں۔ (05)
2. سبق "غلام" کا مرکزی خیال لکھیں۔ (05)

**(ج) درج ذیل میں سے پانچ (5) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** (10)

1. جملہ فعلیہ کی تعریف لکھیں اور مثال دیں۔ (1+1)
2. استعارہ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔ (1+1)
3. شعر سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیں۔ (1+1)
4. مرکب ناقص اور مرکب تام کا فرق مثالوں سے واضح کریں۔ (1+1)
5. نعت کسے کہتے ہیں؟ کسی ایک نعت گو شاعر کا نام لکھیں۔ (1+1)
6. دیئے گئے ذو معنی الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں۔ (1+1)
   بوستان:
   بوستان:

## سیکشن (ج) — نمبرات: 24

**سوال 3۔ متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔** (06)

(الف) پھر کیا دیکھتا ہے کہ ہر مجرم کو فرداً فرداً فردِ قرار دادِ جرم کی ایک نقل دی گئی ہے کہ وہ اس کو پڑھ رہا ہے اور جتنے الزام اس پر لگائے گئے ہیں، سب کو سمجھتا اور اپنی برات کی وجوہات کو سوچتا ہے۔ کچہری کا خیال نصوح کو حوالات کی طرف لے گیا، تو دیکھا کہ ہر شخص ایک علیحدہ جگہ میں نظر بند ہے۔ جیسا مجرم ہے، اُس کے مناسب حال اس کو حوالات میں سختی یا سہولت کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ حوالات کے برابر جیل خانہ ہے، مگر بہت ہی براٹھکانا ہے۔

(ب) عزیزِ من! حامل رقعہ شیخ حاضر دین میرے ایک دوست کے داماد ہیں۔ بڑے شریف آدمی ہیں۔ اتفاق سے ان پر چینی بلیک کرنے کا مقدمہ بن گیا ہے، جسکی تفتیش مسٹر انصاری کر رہے ہیں، جو بد قسمتی سے دیانت دار قسم کے آدمی ہیں اور کسی کی سنتے ہی نہیں، مگر پتہ چلا ہے کہ تمھارے ساتھ کالج میں پڑھتے تھے۔ ہم جماعتوں کا ایک دوسرے پر بڑا حق ہوتا ہے۔ اسی وقت مسٹر انصاری سے ملو اور شیخ صاحب کی گُلو خلاصی کرادو ورنہ شریف آدمی مفت میں جیل میں سڑتا رہے گا۔ آخر کون ہے جو آج کل بلیک نہیں کرتا؟

**سوال 4۔ نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔** (06)

(الف)
محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم
کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا
چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ب)
میانِ شاخساراں، صحبتِ مرغِ چمن کب تک
ترے بازو میں ہے پروازِ شاہین قہستانی
گماں آباد ہستی میں یقیں مردِ مسلماں کا
بیاباں کی شب تاریک میں قندیلِ رہبانی

**سوال 5۔ شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے۔** (06)

(الف)
صبر تھا ایک مونس ہجراں
سو وہ مدت سے اب نہیں آتا
دل سے رخصت ہوئی کوئی خواہش
گریہ کچھ بے سبب نہیں آتا

(ب)
نشۂ عشق کا گر ظرف دیا تھا مجھ کو
عمر کا تنگ نہ پیمانہ بنایا ہوتا
تھا جلانا ہی اگر دوریٔ ساقی سے مجھے
تو چراغِ درِ مے خانہ بنایا ہوتا

**سوال 6۔** میونسپل کمیٹی کے ناظم کو کوڑا کرکٹ روزانہ کی بنیاد پر اٹھوانے کے لیے درخواست تحریر کریں۔ (06)

**یا**

دو طلبہ کے مابین نقل کے رجحان پر کم از کم بارہ جملوں پر مشتمل مکالمہ تحریر کریں۔